حل: $x =$ فرض کیا پہلا عدد

$y =$ دوسرا عدد

سوال کی پہلی شرط کے مطابق

$x - y = 6$ ------(1)

سوال کی دوسری شرط کے مطابق

$$\frac{1}{4}x = y$$

$x = 4y$ ------(2)

x کی قیمت مساوات (1) میں درج کرنے سے

$$4y - y = 6$$

$$3y = 6$$

$$y = \frac{6}{3} = 2$$

y کی قیمت مساوات (2) میں درج کرنے سے

$$x = 4(2) = 8$$

پس مطلوبہ اعداد 8 اور 6 ہیں۔

6. سعینہ نے ایک پین اور ایک کتاب 45 روپے میں خریدی۔ کتاب پین سے 8 گنا مہنگی ہے۔ بتائیے کتاب اور پین کی قیمتیں کیا ہیں؟

حل: $x =$ فرض کیا پین کی قیمت

$y =$ کتاب کی قیمت

سوال کی پہلی شرط کے مطابق

$x + y = 45$ (1)

سوال کی دوسری شرط کے مطابق

$8x = y$ (2)

y کی قیمت مساوات (1) میں درج کرنے سے

$$x + 8x = 45$$

$$9x = 45$$

$$\frac{9x}{9} = \frac{45}{9}$$

$$x = 5$$

x کی قیمت مساوات (2) میں درج کرنے سے $y = 8(5) = 40$

7. قاسم حسین نے اپنا کھاتہ کھولا تو اس نے غور کیا کہ اس کے سامنے موجود دونوں صفحات کے نمبروں کا مجموعہ 93 ہے۔ دونوں صفحات کے نمبر معلوم کیجیے۔
(اشارہ: فرض کیجیے کہ ایک صفحہ نمبر x ہے تو دوسرا صفحہ نمبر $x + 1$ ہوا۔)

حل: $x =$ فرض کیا پہلا صفحہ

$x + 1 =$ دوسرا صفحہ

دی گئی شرط کے مطابق $x + x + 1 = 93$

$$2x = 93 - 1$$

$$2x = 92$$

$$\frac{2x}{2} = \frac{92}{2}$$

$$x = 46$$

پہلا صفحہ $= x = 46$

دوسرا صفحہ $= x + 1,\ x = 46 + 1 \quad x = 47$

پس پہلا صفحہ 46 اور دوسرا صفحہ 47 ہے۔

8. عمران فرحت اور عبدالرزاق نے پاکستان کے اسکور میں 69 رنز کا اضافہ کیا۔ اگر عبدالرزاق کا اسکور عمران فرحت سے دوگنا ہو تو معلوم کیجیے کہ عبدالرزاق کو نصف سنچری مکمل کرنے کے لیے کتنے رنز درکار ہیں۔

حل: فرض کیا $x =$ عبدالرزاق کا اسکور

$y =$ عمران کا اسکور

سوال کی پہلی شرط کے مطابق

$x + y = 69$ ....(i)

سوال کی دوسری شرط کے مطابق

$2x = y$ ....(ii)

y کی قیمت مساوات (i) میں درج کرنے کے لیے

$$x + 2x = 69 \Rightarrow 3x = 69 \Rightarrow x = 23$$

downloaded from https://infohubhrmssised.com/

Scanned with CamScanner

$$\frac{5(5x-4)-8(x-3)}{40}=\frac{x+6}{4}$$
$$\frac{25x-20-8x+24}{40}=\frac{x+6}{4}$$
$$\frac{17x+4}{40}=\frac{x+6}{4}$$
$$4(17x+4) = 40(x+6)$$
$$68x+16 = 40x+240$$
$68x-40x = 240-16$, $28x = 224$
$$x=\frac{224}{28} \Rightarrow x=8$$

(iv) $$\frac{2}{3}(x-5)-\frac{1}{4}(x-2)=\frac{-3}{2}$$
$$\frac{2}{3}(x-5)-\frac{1}{4}(x-2)=\frac{-3}{2}$$
$$\frac{2x-10}{3}-\frac{x-2}{4}=\frac{-3}{2}$$
$$\frac{4(2x-10)-3(x-2)}{12}=\frac{-3}{2}$$
$$\frac{8x-40-3x+6}{12}=\frac{-3}{2}$$
$$\frac{5x-34}{12}=\frac{-3}{2}$$
$$2(5x-34)=-3\times12$$
$10x-68=-36$ $\quad$ $10x=-36+68$
$10x=32 \Rightarrow x=\frac{32}{10}$
$x=\frac{16}{5}$ یا $3\frac{1}{5}$

(v) $$3(x-4)-4(2x+3)=2(x+5)+1$$
$$3(x-4)-4(2x+3)=2(x+5)+1$$
$$3x-12-8x-12 = 2x+10+1$$
$$-5x-24 = 2x+11$$
$-5x-2x = 11+24$, $-7x = 35$
$$x=\frac{35}{-7} \Rightarrow x=-5$$

(vi) $$2(x-2)+3(x-3)=3(x-5)-4(x-8)$$
$$2(x-2)+3(x-3)=3(x-5)-4(x-8)$$
$$2x-4+3x-9 = 3x-15-4x+32$$
$$5x-13 = -x+17$$
$5x+x = 17+13$, $6x = 30$
$$x=\frac{30}{6} \Rightarrow x=5$$

x کی قیمت مساوات (ii) میں درج کرنے سے

$2(23)=y \Rightarrow y=46$

رنز $4 = 46 + 50$ = عبدالرزاق کو نصف سینچری بنانے کے لیے رنز درکار ہیں

نظرثانی مشق 9

1. درج ذیل مساواتوں کو حل کیجیے۔

(i) $$3x+\frac{2}{5}=2-x$$

حل: $$3x+\frac{2}{5}=2-x$$
$$\frac{15x+2}{5}=2-x$$
$$15x+2=5(2-x)$$
$$15x+2=10-5x$$
$$15x+5x=10-2$$
$$20x=8$$
$$x=\frac{8}{20}$$
$$x=\frac{2}{5}$$

(ii) $$\frac{x}{4}+\frac{x}{6}=\frac{x}{2}-\frac{3}{4}$$

حل: $$\frac{x}{4}+\frac{x}{6}=\frac{x}{2}-\frac{3}{4}$$
$$\frac{6x+4x}{24}=\frac{4x-6}{8}$$
$$\frac{10x}{24}=\frac{4x-6}{8}$$
$$8\times10x=24(4x-6)$$
$$80x=96x-144$$
$$80x-96x=-144$$
$$-16x=-144$$
$$x=\frac{-144}{-16} \Rightarrow x=9$$

(iii) $$\frac{5x-4}{8}-\frac{x-3}{5}=\frac{x+6}{4}$$

حل: $$\frac{5x-4}{8}-\frac{x-3}{5}=\frac{x+6}{4}$$

downloaded from https://infohubhrmssised.com/

Scanned with CamScanner

.2 اگر ایک عدد کو دو گنا کر کے اس میں 7 کا اضافہ کیا جائے تو یہ 13 بن جاتا ہے۔ عدد معلوم کیجیے۔

حل: x = فرض کیا عدد

دی گئی شرط کے مطابق

$$2x + 7 = 13$$
$$2x = 13-7$$
$$2x = 6$$
$$\frac{2x}{2} = \frac{6}{2}$$
$$x = 3$$

پس مطلوبہ عدد 3 ہے۔

.3 ایک مستطیل کی لمبائی اس کی چوڑائی کے تین گنا سے 6 میٹر زیادہ ہے۔ اگر مستطیل کا احاطہ 148 میٹر ہو تو اس کی لمبائی اور چوڑائی معلوم کیجیے۔

حل: x = فرض کریں چوڑائی

تو لمبائی = 3x + 6

دی گئی شرط کے مطابق

مستطیل کا احاطہ = 2(لمبائی+چوڑائی)

$$2(x+3x+6) = 148$$
$$\frac{2(4x+6)}{2} = \frac{148}{2}$$
$$4x+6 = 74$$
$$4x = 74-6$$
$$4x = 68$$
$$\frac{4x}{4} = \frac{68}{4}$$
$$x = 17$$

مستطیل کی چوڑائی = 17 میٹر

مستطیل کی لمبائی = 3(17)+6

= 51+6=57

پس مستطیل کی چوڑائی 17 میٹر اور لمبائی 57 میٹر ہے۔

.4 چار مسلسل اعداد کا مجموعہ 266 ہے۔ اعداد معلوم کیجیے۔

حل: فرض کریں چار مسلسل اعداد = x, x+1, x+2, x+3,

دی گئی شرط کے مطابق

$$x + x + 1 + x + 2 + x + 3 = 266$$
$$4x+6 = 266$$
$$4x = 266-6$$
$$4x = 260$$
$$\frac{4x}{4} = \frac{260}{4}$$
$$x = 65$$

پہلا عدد = x = 65

دوسرا عدد = x + 1 = 65+1 = 66

تیسرا عدد = x + 2 = 65 + 2 = 67

چوتھا عدد x + 3 = 65 + 3 = 68

پس 65,66,67 اور 68 مسلسل چار مطلوبہ اعداد ہیں۔

.5 ایک کسر عام کا شمار کنندہ مخرج سے 4 زیادہ ہے۔ اگر ہم اس کے مخرج میں 1 جمع کریں تو کسر عام $\frac{3}{2}$ بن جاتی ہے۔ کسر عام معلوم کیجیے۔

حل: $\frac{x}{y}$ = فرض کریں کسر

سوال کی پہلی شرط کے مطابق $x = y + 4 \quad (1)$

سوال کی دوسری شرط کے مطابق $\frac{x}{y+1} = \frac{3}{2}$

$$2x = 3y+3$$

x کی قیمت درج کرنے سے

$$2(y+4) = 3y + 3$$
$$2y + 8 = 3y + 3$$
$$8 - 3 = 3y-2y$$
$$y = 5$$

y کی قیمت مساوات (1) میں درج کرنے سے

$$x = 5 + 4$$
$$x = 9$$

مطلوبہ کسر = $\frac{9}{5}$

معروضی مشق 9

.1 درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔

(i) مساوات کی تعریف کریں۔

جواب: دو الجبری جملوں کی مقداروں کے درمیان برابری کا تعلق مساوات کہلاتا ہے۔

(ii) کون سی مساوات یک درجی مساوات کہلاتی ہے؟

جواب: ایسی مساوات جو ایک متغیر جس کا قوت نما 1 ہے پر مشتمل ہو تو ایسی مساوات کو یک درجی مساوات کہتے ہیں۔

(iii) مساوات کو حل کرنے کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

جواب: کسی مساوات میں نامعلوم مقداروں کی قیمت معلوم کرنا اس مساوات کا حل کہلاتا ہے۔

(iv) کسی مساوات کی مدد سے کوئی سوال حل کرنے کے چار مرحلے کون سے ہیں؟

جواب: کسی مساوات کی مدد سے کوئی سوال حل کرنے کے چار مراحل درج ذیل ہوتے ہیں۔

(i) مطلوبہ شے کیا ہے؟

(ii) مطلوبہ شے کو کسی متغیر سے ظاہر کریں۔

(iii) فقرے کے مطابق مساوات لکھیں۔

(iv) مساوات حل کریں اور پڑتال کریں۔

downloaded from https://infohubhmsissed.com/
Scanned with CamScanner

2. خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

(i) ترازو مساوات کی ایک بہترین مثال ہے۔

(ii) دو الجبری جملوں کے درمیان برابری کا تعلق مساوات کہلاتا ہے۔

(iii) کسی مساوات میں نامعلوم مقدار کی قیمت مساوات کا حل کہلاتی ہے۔

(iv) ایسی مساوات جو 1 قوت نما والے متغیر پر مشتمل ہو تو وہ ایک متغیر والی یک درجی مساوات کہلاتی ہے۔

(v) کوئی عدد یا متغیر علامت تبدیل کر کے مساوات کی ایک طرف سے دوسری طرف جا سکتا ہے۔ اس کو ٹرانس پوزیشن کا عمل کہتے ہیں۔

3. درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

(i) مساوات $x - 1 = -1$ کا حل ہے:

(a) 0 (b) 1 (c) 2 (d) -2

(ii) مساوات لکھنے کے لیے ہم علامت استعمال کرتے ہیں:

(a) + (b) - (c) = (d) ∠

(iii) اگر $\frac{x-1}{2} = 1$ ہو تو $x = ?$

(a) 0 (b) +1 (c) 2 (d) 3

(iv) اس فقرے "میری عمر میرے بھائی کی عمر سے دوگنا ہے" کو مساوات کی شکل میں یوں لکھ سکتے ہیں:

(a) $x + y = 2$ (b) $x = 2y$ (c) $\frac{x+y}{2}$ (d) $\frac{x}{2} = \frac{y}{2}$

معروضی وانشائیہ سوالات
بمطابق نئی امتحانی پالیسی PEF اور PEC

کثیر الانتخابی سوالات

1. ترازو ______ کی ایک بہترین مثال ہے۔

a	الجبری جملے	b	متغیر
c	مساوات	d	یک درجی مساوات

2. ریاضی کا ایک کھلا بیان جس میں یہ علامت استعمال کی جائے مساوات کہلاتا ہے:

a	=	b	≠
c	≇	d	≅

3. ایک متغیر والی یک درجی مساوات کی سٹینڈرڈ فارم ہے:

a	$a + b = 0$	b	$ax = 0$
c	$ax + b = 0$	d	$ax^2 + b = 0$

4. ایک متغیر والی یک درجی مساوات کی شناخت کریں۔

a	$ax+b=0$	b	$ax+by+c=0$
c	$ax+y=0$	d	$x^2+7x+12=0$

5. "کسی عدد کے دوگنا میں 5 کا اضافہ کرنے سے 15 بنتا ہے" کی مساواتی شکل ہے:

a	$2x + 15 = 5$	b	$5x + 15 = 2$
c	$2x + 5 = 15$	d	$5x + 2 = 15$

6. اگر $\frac{x}{10} = \frac{3}{5}$ ہو تو x ______ کے برابر ہوگا۔

a	3	b	6
c	5	d	10

7. $18y - 3 = 6$ میں y کی قیمت ہے:

a	3	b	2
c	$\frac{1}{2}$	d	6

8. مساوات میں لکھیں۔ "کسی عدد کے دوگنا میں 3 کا اضافہ کرنے سے 17 بنتا ہے"۔

a	$2x+17=3$	b	$3x+17=2$
c	$2x+3=17$	d	$3x+2=17$

9. x کی قیمت کیا ہوگی اگر $2x+1$ برابر ہو 5 کے؟

a	4	b	3
c	7	d	2

10. $3x+4=7$ میں x کی قیمت ہے:

a	$\frac{3}{4}$	b	1
c	$\frac{7}{3}$	d	$\frac{-7}{3}$

11. $\frac{-x}{3} = 1 + \frac{2x}{3}$ میں x کی قیمت ہے:

a	-1	b	1
c	3	d	2

12. $5x+6 = 9$ میں x کی قیمت ہے:

a	$\frac{5}{3}$	b	$\frac{3}{5}$
c	$\frac{6}{5}$	d	$\frac{9}{5}$

downloaded from https://
Scanned with CamScanner

.13 $\frac{5}{6}y+\frac{1}{3}=\frac{4}{12}$ میں y کی قیمت ہے:

a	3	b	1
c	0	d	4

.14 اگر ایک نمبر کے چار گنا میں 8 جمع کیا جائے تو جواب 40 ہے۔ نمبر ہوگا:

a	8	b	5
c	13	d	28

.15 اگر ایک نمبر کے تین گنا میں سے 9 تفریق کیا جائے تو جواب 90 ہے۔ نمبر ہوگا۔

a	33	b	99
c	11	d	22

.16 "کسی عدد کے دوگنا میں 3 کا اضافہ کرنے سے 17 بنتا ہے"، اسے مساوات میں لکھتے ہیں۔

a	2x+17=3	b	r
c	2x+3=17	d	3x+2=17

انشائیہ سوالات

.1 مساوات کی تعریف کریں۔

جواب: دو الجبری جملوں کی مقداروں کے درمیان برابری کا تعلق مساوات کہلاتا ہے۔

.2 الجبری مساوات کی تعریف لکھیں۔

جواب: الجبری مساواتیں: ریاضی کا وہ کھلا بیان جس میں = کی علامت استعمال کی گئی ہو مساوات کہلاتا ہے۔ جس کا مطلب ہوتا ہے کہ بیان کی ایک طرف کی قیمت دوسری طرف کی قیمت کے برابر ہے۔

.3 ایک متغیر والی یک درجی مساوات کی تعریف لکھیں۔

جواب: ایک متغیر والی یک درجی مساوات: "ایسی مساوات جس میں 1 قوت نما والا صرف ایک متغیر پایا جائے ایک متغیر والی یک درجی مساوات کہلاتی ہے۔
یعنی:

$$ax+b=0$$

.4 درج ذیل مساوات حل کریں۔ $2+5x=x$

حل:

$$2+5x=x$$
$$5x-x=-2$$
$$4x=-2$$
$$x=\frac{-2}{4}=\frac{-1}{2}$$

پڑتال:

$$2+5\left(\frac{-1}{2}\right)=\frac{-1}{2}$$
$$2-\frac{5}{2}=\frac{-1}{2}$$
$$\frac{4-5}{2}=\frac{-1}{2}$$
$$\frac{-1}{2}=\frac{-1}{2}$$

پس ثابت ہوا

.5 سونیہ نے ایک پین اور ایک کتاب 45 روپے میں خریدی۔ کتاب پین سے 8 گنا مہنگی ہے۔ بتائیے کتاب اور پین کی قیمتیں کیا ہیں؟

حل:

فرض کیا پین کی قیمت $= x$

کتاب کی قیمت $= y$

سوال کی پہلی شرط کے مطابق

$$x+y=45 \qquad (1)$$

سوال کی دوسری شرط کے مطابق

$$8x=y \qquad (2)$$

y کی قیمت مساوات (1) میں درج کرنے سے

$$x+8x=45$$
$$9x=45$$
$$\frac{9x}{9}=\frac{45}{9}$$
$$x=5$$

x کی قیمت مساوات (2) میں درج کرنے سے

$$y=8(5)=40$$

.6 ایک مستطیل کی لمبائی اس کی چوڑائی کے تین گنا سے 6 میٹر زیادہ ہے۔ اگر مستطیل کا احاطہ 148 میٹر ہو تو اس کی لمبائی اور چوڑائی معلوم کیجیے۔

حل:

فرض کیا چوڑائی $= x$

لمبائی $= 3x+6$

دی گئی شرط کے مطابق

مستطیل کا احاطہ = 2(لمبائی + چوڑائی)

$$2(x+3x+6)=148$$
$$2(4x+6)=148$$
$$4x+6=\frac{148}{2}$$
$$4x+6=74$$
$$4x=74-6$$
$$4x=68$$
$$x=17$$

مستطیل کی چوڑائی = 17 میٹر

مستطیل کی لمبائی = 3(17) + 6 = 51 + 6 = 57 میٹر

پس، مستطیل کی چوڑائی 17 میٹر اور لمبائی 57 میٹر ہے۔

downloaded from https://infohubrmssised.com/

Scanned with CamScanner

7. چار مسلسل اعداد کا مجموعہ 266 ہے۔ اعداد معلوم کریں۔

حل: فرض کریں چار مسلسل عدد $= x, x+1, x+2, x+3,$

دی گئی شرط کے مطابق

$$x + x + 1 + x + 2 + x + 3 = 266$$

$$4x + 6 = 266$$

$$4x = 266 - 6 = 260$$

$$x = \frac{260}{4} \Rightarrow x = 65$$

پہلا عدد $x = 65$

دوسرا عدد $x + 1 = 65 + 1 = 66$

تیسرا عدد $x + 2 = 65 + 2 = 67$

چوتھا عدد $x + 3 = 65 + 3 = 68$

پس 67,66,65 اور 68 مسلسل چار مطلوبہ اعداد ہیں۔

8. دو اعداد کا حاصل ضرب 72 ہے۔ دوسرا عدد معلوم کیجیے جب پہلا عدد 9 ہو۔

حل: فرض کیا پہلا عدد $= x$

تو دوسرا عدد $= y$

دی گئی شرط کے مطابق

$$9 \times y = 72$$

$$y = \frac{72}{9}$$

$$y = 8$$

یونٹ 10: جیومیٹری

10.1 جیومیٹری اور قطعہ خط کا تعارف

تعارف: جیومیٹری ریاضی کی ایک نہایت اہم شاخ ہے جس میں ہم نقاط، خطوط، سطحات اور ٹھوس کے بارے میں علم حاصل کرتے ہیں۔ جیومیٹری یونانی اور لاطینی زبان سے حاصل کیا گیا ایک لفظ ہے جس کا مطلب زمین کی پیمائش ہوتا ہے۔

قطعہ خط: قطعہ خط کسی خط کا ہی حصہ ہوتا ہے۔ جس کے دو واضح نقاط ہوتے ہیں۔

10.1.1 دو قطعہ خط کی لمبائیوں کا مجموعہ اور فرق معلوم کرنا۔

دو قطعات خط کی لمبائیوں کا مجموعہ معلوم کرنا: مندرجہ ذیل اشکال میں $\overline{PQ}$ اور $\overline{RS}$ دو قطعات خط ہیں اب ہم ایک ایسا قطعہ خط کھینچتے ہیں جس کی لمبائی دیے گئے قطعات خط کی لمبائیوں کے مجموعے کے برابر ہو۔



(i) ایک شعاع $\overline{OE}$ کھینچیں۔ (پیمانے کی مدد سے)

(ii) پرکار کی مدد سے قطعہ خط $\overline{PQ}$ کی لمبائی کی پیمائش کریں۔ ($\overline{PQ}$ کی لمبائی ناپنے کے لیے پرکار کی دھاتی نوک نقطہ P پر اور پنسل کی نوک Q پر رکھیں۔)



(iii) $\overline{PQ}$ سے پرکار ہٹائیں اور اسی لمبائی کا قطعہ $\overline{OA}$ شعاع $\overline{OE}$ سے کاٹیں۔ یعنی $m\overline{PQ} = m\overline{OA}$

(iv) اسی طرح $\overline{RS}$ کی لمبائی ناپیں اور اسی لمبائی کا ایک قطعہ $\overline{AB}$ شعاع $\overline{OE}$ سے کاٹیں یعنی $m\overline{RS} = m\overline{AB}$ جبکہ نقطہ B نقطہ A اور نقطہ E کے درمیان میں واقع ہے۔

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ:

$$m\overline{OB} = m\overline{OA} + m\overline{AB}$$

لیکن ہم جانتے ہیں کہ

$$m\overline{AB} = m\overline{RS} \text{ اور } m\overline{OA} = m\overline{PQ}$$

تو $$m\overline{OB} = m\overline{PQ} + m\overline{RS}$$

پس، $\overline{OB}$ مطلوبہ قطعہ خط ہے۔

دو قطعات خط کی لمبائیوں میں فرق معلوم کرنا:



اُوپر دی گئی اشکال میں $\overline{PQ}$ اور $\overline{RS}$ دو نا برابر قطعات خط ہیں یعنی

downloaded from https://infohubhmsissed.com
Scanned with CamScanner

$m\overline{PQ} > m\overline{RS}$ ۔اب ہم ایک ایسا قطعہ خط کھینچتے ہیں جس کی لمبائی ان دو قطعات خط کے فرق کے برابر ہو۔

(i) ایک شعاع $\overline{OE}$ کھینچیں۔(پیمانہ استعمال کریں)

(ii) $\overline{PQ}$ کی لمبائی ماپیں اور اسی لمبائی کا ایک قطعہ خط $\overline{OA}$ شعاع $\overline{OE}$ میں سے کاٹیں، یعنی $m\overline{PQ} = m\overline{OA}$



(iii) اسی طرح $\overline{RS}$ کی لمبائی ماپیں اور اسی لمبائی کا ایک قطعہ خط $\overline{AB}$ شعاع $\overline{OE}$ میں سے کاٹیں، یعنی $m\overline{RS} = m\overline{AB}$ لیکن یہاں نقطہ B نقاط O اور A کے درمیان موجود ہے۔



مندرجہ بالا سے ہم دیکھ سکتے ہیں کہ:

$$m\overline{OB} = m\overline{OA} - m\overline{AB}$$

لیکن ہم جانتے ہیں کہ:

$m\overline{OA} = m\overline{PQ}$ اور $m\overline{AB} = m\overline{RS}$.

تو $m\overline{OB} = m\overline{PQ} - m\overline{RS}$

پس، $\overline{OB}$ ہی مطلوبہ خط ہے۔

10.1.2	قطعہ خط کی تنصیف

قطعہ خط کی تنصیف: قطعہ خط کی تنصیف کا مطلب قطعہ خط کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرنا ہوتا ہے۔

10.1.3	دیے گئے قطعہ خط کا عمودی ناصف کھینچنا

دیے گئے قطعہ خط کا عمودی ناصف کھینچنا: دیے گئے قطعہ خط پر عمودی ناصف ایک ایسا خط ہوتا ہے جو اس پر عمود ہوتا ہے اور اس کے درمیانی نقطہ سے گزرتا ہے۔دیے گئے قطعہ خط پر عمودی ناصف پُرکار اور پیمانے کی مدد سے کھینچا جا سکتا ہے۔

10.1.4	دیے گئے خط پر موجود نقطہ پر اور خط سے باہر موجود نقطہ پر عمود کھینچنا

دیے گئے خط پر موجود نقطہ پر عمود کھینچنا: دیے گئے خط پر ہی موجود کسی نقطہ سے گزرتا ہوا عمود پرکار کی مدد سے کھینچا جا سکتا ہے۔

دیے گئے خط سے باہر موجود نقطہ سے خط پر عمود کھینچنا: ہم دیے گئے خط سے باہر موجود نقطہ سے خط پر عمود پرکار اور پیمانے کی مدد سے کھینچا جا سکتا ہے۔

10.2	$15^\circ, 30^\circ, 45^\circ, 60^\circ, 90^\circ, 105^\circ, 120^\circ$ اور 150° کے زاویے بنانا

15° کا زاویہ:



30° کا زاویہ:



45° کا زاویہ:



60° کا زاویہ:



90° کا زاویہ:



105° کا زاویہ:



downloaded from https://infohubhrmssed.com

Scanned with CamScanner

120° کا زاویہ:



150° کا زاویہ:



10.2.1 متماثل زاویے بنانا

متماثل زاویے بنانا:



$\angle XYZ$ متماثل زاویہ ہے۔

10.2.2 دیے گئے زاویے سے دوگنا پیمائش کا زاویہ بنانا

دیے گئے زاویہ سے دوگنا پیمائش کا زاویہ بنانا: دیے گئے متماثل زاویہ بنانے کے طریقے کی مدد سے ہم کسی زاویہ سے دوگنا پیمائش کا زاویہ بھی بنا سکتے ہیں۔



10.2.3 زاویہ کی تنصیف

زاویہ کی تنصیف: ہم کسی زاویے کو بھی دو برابر حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔



10.2.4 کسی زاویہ کی چار برابر زاویوں میں تقسیم

کسی زاویہ کی چار برابر زاویوں میں تقسیم: اسی طرح ہم کسی زاویہ کو پہلے سے نصف کیے گئے حصوں کو مزید تنصیف کر کے اسے چار برابر حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔



10.3 مثلثیں بنانا

مثلث بنانا: ایک مثلث کے چھے عناصر ہوتے ہیں، 3 اضلاع اور 3 زاویے۔ کسی مثلث کو بنانے میں ہمیں ان تمام کے تمام چھے عناصر کی ضرورت نہیں ہوتی۔

10.3.1 جب تین اضلاع دیے گئے ہوں

مثلث بنانا جبکہ دو اضلاع کی لمبائیاں اور ان کا درمیانی زاویہ کی مقدار معلوم ہو: جب دو اضلاع کی لمبائیاں اور ان کے درمیانی زاویہ کی مقدار معلوم ہو تو ہم مثلث بنا سکتے ہیں۔

10.3.2 جبکہ دو اضلاع کی لمبائیاں اور ان کا درمیانی زاویہ کی مقدار معلوم ہو۔

مثلث بنانا جبکہ دو اضلاع کی لمبائیاں اور ان کا درمیانی زاویہ کی مقدار معلوم ہو: جب دو اضلاع کی لمبائیاں اور ان کے درمیانی زاویہ کی مقدار معلوم ہو تو ہم مثلث بنا سکتے ہیں۔

10.3.3 جبکہ دو زاویے اور ان کے اضلاع کی لمبائیاں معلوم ہوں۔

مثلث بنانا جبکہ دو زاویوں کی مقداریں اور ان کے درمیانی ضلع کی لمبائی معلوم ہو: جب دو زاویوں کی مقداریں اور ان کے درمیانی ضلع (دو زاویوں کا اساس) کی لمبائی دی گئی ہو تو مثلث بنائی جا سکتی ہے۔

10.3.4 قائمۃ الزاویہ مثلث بنانا

قائمۃ الزاویہ مثلث بنانا: قائمۃ الزاویہ مثلث ایسی مثلث ہوتی ہے جس کے زاویوں میں سے کوئی ایک زاویہ 90° کا ہوتا ہے۔ اگر ہمیں اس کے وتر اور ایک ضلع (قاعدہ یا ارتفاع) کی لمبائیاں معلوم ہوں تو ہم یہ مثلث بنا سکتے ہیں۔

downloaded from https://infohubhrmsissed.com/

Scanned with CamScanner

مشق نمبر 10.1

1. دیے گئے قطعات خط کے جوڑوں کی لمبائیوں کے مجموعے ظاہر کرنے کے لیے قطعہ خط کھینچیں۔

(i)



حل: یہاں پر ہم ایک قطعہ خط کھینچیں گے جس کی لمبائی ان خطوط کی لمبائیوں کے مجموعہ کے برابر ہوگی۔

مدارج عمل: (i) ایک شعاع $\overrightarrow{OE}$ کھینچیں۔

(ii) کمپاس کی مدد سے قطعہ خط $\overline{AB}$ کی لمبائی کی پیائش کریں۔

(iii) کمپاس $\overline{AB}$ سے ہٹالیں اور شعاع $\overrightarrow{OE}$ سے قطعہ خط $\overline{OP}$ قطع کریں جسکی لمبائی $\overline{AB}$ کے برابر ہو یعنی $m\overline{OP} = m\overline{AB}$

(iv) اسی طرح سے قطعہ خط $\overline{CD}$ کی پیائش کریں اور شعاع $\overrightarrow{OE}$ سے ایک اور خط $\overline{PQ}$ قطع کریں۔ یعنی $m\overline{CD} = m\overline{PQ}$ جبکہ P,Q اور E کے درمیان واقع ہے۔

اوپر والے عمل سے ہمیں معلوم ہوا کہ

اوپر والے عمل سے ہمیں معلوم ہوا کہ $m\overline{OQ} = m\overline{OP} + m\overline{PQ}$

لیکن ہم جانتے ہیں کہ $m\overline{OP} = m\overline{AB}$ اور $m\overline{PQ} = m\overline{CD}$

اس لیے $m\overline{OQ} = m\overline{AB} + m\overline{CD}$ چنانچہ $\overline{OQ}$ مطلوبہ قطعہ خط ہے۔

(ii)



حل: یہاں پر ہم ایک قطعہ خط کھینچیں گے جس کی لمبائی ان خطوط کی لمبائیوں کے مجموعہ کے برابر ہوگی۔

مدارج عمل: (i) ایک شعاع $\overrightarrow{OE}$ کھینچیں۔

(ii) کمپاس کی مدد سے قطعہ خط $\overline{AB}$ کی لمبائی کی پیائش کریں۔

(iii) کمپاس $\overline{AB}$ سے ہٹالیں اور شعاع $\overrightarrow{OE}$ سے قطعہ خط $\overline{OP}$ قطع کریں جسکی لمبائی $\overline{AB}$ کے برابر ہو یعنی $m\overline{AB} = m\overline{OP}$

(iv) اسی طرح سے خط $\overline{CD}$ کی پیائش کریں اور ایک قطعہ خط $\overline{PQ}$ شعاع $\overrightarrow{OE}$ سے قطع کریں جو $\overline{CD}$ کے برابر ہو یعنی $m\overline{CD} = m\overline{QP}$ جبکہ P،Q اور E کے درمیان واقع ہے۔



اوپر والے عمل سے ہمیں معلوم ہوا کہ $m\overline{OQ} = m\overline{OP} + m\overline{PQ}$

لیکن ہم جانتے ہیں کہ $m\overline{OP} = m\overline{AB}$ اور $m\overline{PQ} = m\overline{CD}$

اس لیے $m\overline{OQ} = m\overline{AB} + m\overline{CD}$ چنانچہ $\overline{OQ}$ مطلوبہ قطعہ خط ہے۔

(iii)



حل: یہاں پر ہم ایک قطعہ خط کھینچیں گے جس کی لمبائی ان خطوط کی لمبائیوں کے مجموعہ کے برابر ہوگی۔

مدارج عمل: (i) ایک شعاع $\overrightarrow{OE}$ کھینچیں۔

(ii) کمپاس کی مدد سے قطعہ خط $\overline{AB}$ کی لمبائی کی پیائش کریں۔

(iii) کمپاس $\overline{AB}$ سے ہٹالیں اور شعاع $\overrightarrow{OE}$ سے قطعہ خط $\overline{OP}$ قطع کریں جسکی لمبائی $\overline{AB}$ کے برابر ہو یعنی $m\overline{AB} = m\overline{OP}$

(iv) اسی طرح سے خط $\overline{CD}$ کی پیائش کریں اور ایک قطعہ خط $\overline{PQ}$ شعاع $\overrightarrow{OE}$ سے قطع کریں جو $\overline{CD}$ کے برابر ہو یعنی $m\overline{CD} = m\overline{PQ}$

(v) اسی طرح سے خط $\overline{EF}$ کی پیائش کریں اور شعاع $\overrightarrow{OE}$ سے ایک اور قطعہ خط $\overline{QR}$ قطع کریں جو $\overline{EF}$ کے برابر ہو یعنی $m\overline{EF} = m\overline{QR}$ جبکہ Q اور R نقاط P اور E کے درمیان واقع ہیں۔

اوپر والے عمل سے ہمیں معلوم ہوا کہ

$$m\overline{OR} = m\overline{OP} + m\overline{PQ} + m\overline{QR}$$

لیکن ہم جانتے ہیں کہ $m\overline{QR} = m\overline{EF}$ اور

$$m\overline{OP} = m\overline{AB}, m\overline{PQ} = m\overline{CD}$$

اس لیے $m\overline{OR} = m\overline{AB} + m\overline{CD} + m\overline{EF}$

چنانچہ $\overline{OR}$ مطلوبہ قطعہ خط ہے۔



(iv)



حل: یہاں پر ہم ایک قطعہ خط کھینچیں گے جس کی لمبائی ان خطوط کی لمبائیوں کے مجموعہ کے برابر ہوگی۔

مدارج عمل: (i) ایک شعاع $\overrightarrow{OE}$ کھینچیں۔

(ii) کمپاس کی مدد سے قطعہ خط $\overline{AB}$ کی لمبائی کی پیائش کریں۔

(iii) کمپاس $\overline{AB}$ سے ہٹالیں اور شعاع $\overrightarrow{OE}$ سے قطعہ خط $\overline{OP}$ قطع کریں جسکی لمبائی $\overline{AB}$ کے برابر ہو یعنی $m\overline{AB} = m\overline{OP}$

(iv) اسی طرح سے خط $\overline{CD}$ کی پیائش کریں اور شعاع $\overrightarrow{OE}$ سے ایک اور قطعہ خط $\overline{PQ}$ قطع کریں جس کی لمبائی $\overline{CD}$ کے برابر یعنی

Scanned with CamScanner

$m\overline{CD} = m\overline{PQ}$

(v) اسی طرح سے خط $\overline{EF}$ کی پیمائش کریں اور شعاع $\overline{OE}$ سے ایک اور قطعہ خط $\overline{QR}$ قطع کریں جس کی لمبائی $\overline{EF}$ کے برابر ہو یعنی $m\overline{EF} = m\overline{QR}$ جبکہ نقاط Q اور R نقاط P اور E کے درمیان واقع ہیں۔

اوپر والے عمل سے ہمیں معلوم ہوا کہ

$m\overline{OR} = m\overline{OP} + m\overline{PQ} + m\overline{QR}$

لیکن ہم جانتے ہیں کہ $m\overline{QR} = m\overline{EF}$ اور

$m\overline{OP} = m\overline{AB}, m\overline{PQ} = m\overline{CD}$

اس لیے $m\overline{OR} = m\overline{AB} + m\overline{CD} + m\overline{EF}$ چنانچہ $\overline{OR}$ مطلوبہ قطعہ خط ہے۔



2. دیے گئے قطعات خط کے جوڑوں کے درمیان فرق کو ظاہر کرنے کے لیے قطعہ خط کھینچیں۔

(i)



حل: یہاں پر ہم ایک قطعہ خط کھینچیں گے جس کی لمبائی ان خطوط کی لمبائیوں کے فرق کے برابر ہوگی۔

مدارج عمل: (i) ایک شعاع $\overline{OE}$ کھینچیں۔

(ii) خط $\overline{CD}$ کی لمبائی کی پیمائش کریں اور شعاع $\overline{OE}$ سے ایک قطعہ خط $\overline{OP}$ قطع کریں جس کی لمبائی قطعہ خط $\overline{CD}$ برابر ہو یعنی $m\overline{CD} = m\overline{OP}$

(iii) اسی طرح سے قطعہ خط $\overline{AB}$ کی لمبائی کی پیمائش کریں اور شعاع $\overline{OE}$ سے ایک اور قطعہ خط $\overline{PQ}$ قطع کریں جس کی لمبائی $\overline{AB}$ کے برابر ہو یعنی $m\overline{AB} = m\overline{PQ}$ جبکہ نقطہ Q، نقاط O اور P کے درمیان واقع ہے۔



اوپر والے عمل سے ہمیں معلوم ہوا کہ $m\overline{OQ} = m\overline{OP} - m\overline{PQ}$

لیکن ہم جانتے ہیں کہ $m\overline{PQ} = m\overline{AB}$ اور $m\overline{OP} = m\overline{CD}$

اس لیے $m\overline{OQ} = m\overline{CD} - m\overline{AB}$ چنانچہ $\overline{OQ}$ مطلوبہ قطعہ خط ہے۔

(ii)



حل: یہاں پر ہم ایک قطعہ خط کھینچیں گے جس کی لمبائی ان خطوط کی لمبائیوں کے فرق کے برابر ہوگی۔

مدارج عمل: (i) ایک شعاع $\overline{OE}$ کھینچیں۔

(ii) خط $\overline{AB}$ کی لمبائیوں کی پیمائش کریں اور شعاع $\overline{OE}$ سے ایک قطعہ خط $\overline{OP}$ قطع کریں جسکی لمبائی خط $\overline{AB}$ کے برابر ہو یعنی $m\overline{AB} = m\overline{OP}$

(iii) اسی طرح سے قطعہ خط $\overline{CD}$ کی لمبائی کی پیمائش کریں اور شعاع $\overline{OE}$ سے ایک قطعہ خط $\overline{PQ}$ قطع کریں جسکی لمبائی خط $\overline{CD}$ کے برابر ہو یعنی $m\overline{CD} = m\overline{PQ}$ جبکہ نقطہ Q نقاط O اور P کے درمیان واقع ہے۔



اوپر والے عمل سے ہمیں معلوم ہوا کہ $m\overline{OP} = m\overline{OQ} - m\overline{PQ}$

لیکن ہم جانتے ہیں کہ $m\overline{PQ} = m\overline{CD}$ اور $m\overline{OP} = m\overline{AB}$

اس لیے $m\overline{OQ} = m\overline{AB} - m\overline{CD}$ چنانچہ $\overline{OQ}$ مطلوبہ قطعہ خط ہے۔

(iii)



حل: یہاں پر ہم ایک قطعہ خط کھینچیں گے جس کی لمبائی ان خطوط کی لمبائیوں کے فرق کے برابر ہوگی۔

مدارج عمل: (i) ایک شعاع $\overline{OE}$ کھینچیں۔

(ii) قطعہ خط $\overline{AB}$ کی لمبائی کی پیمائش کریں اور شعاع $\overline{OE}$ سے قطعہ خط $\overline{OP}$ قطع کریں جس کی لمبائی $\overline{AB}$ کے برابر ہو یعنی $m\overline{AB} = m\overline{OP}$

(iii) اسی طرح سے خط $\overline{CD}$ کی لمبائی کی پیمائش کریں اور شعاع $\overline{OE}$ سے ایک اور قطعہ خط $\overline{PQ}$ قطع کریں جس کی لمبائی $\overline{CD}$ کے برابر ہو یعنی $m\overline{CD} = m\overline{PQ}$ اور نقطہ Q نقاط O اور P کے درمیان واقع ہو۔

اوپر والے عمل سے ہمیں معلوم ہوا کہ $m\overline{OQ} = m\overline{OP} - m\overline{PQ}$

اس لیے $m\overline{OQ} = m\overline{AB} - m\overline{CD}$ چنانچہ $\overline{OQ}$ مطلوبہ قطعہ خط ہے۔

(iv)



حل: یہاں پر ہم ایک قطعہ خط کھینچیں گے جس کی لمبائی ان خطوط کی لمبائیوں کے فرق کے برابر ہوگی۔

مدارج عمل: (i) ایک شعاع $\overline{OE}$ کھینچیں۔

(ii) قطعہ خط $\overline{CD}$ کی لمبائی کی پیمائش کریں اور شعاع $\overline{OE}$ سے قطعہ خط $\overline{OP}$ قطع کریں جس کی لمبائی $\overline{CD}$ کے برابر ہو یعنی $m\overline{CD} = m\overline{OP}$

(iii) اسی طرح سے قطعہ خط $\overline{AB}$ کی لمبائی کی پیمائش کریں اور شعاع $\overline{OE}$ سے قطعہ خط $\overline{OP}$ قطع کریں جس کی لمبائی $\overline{AB}$ کے برابر ہو یعنی

Scanned with CamScanner

$m\overline{AB} = m\overline{PQ}$ اور نقطہ Q نقاط O اور P کے درمیان واقع ہو۔

اوپر والے عمل سے ہمیں معلوم ہوا کہ $m\overline{OQ} = m\overline{OP} - m\overline{PQ}$

لیکن ہم جانتے ہیں کہ $m\overline{PQ} = m\overline{AB}$ اور $m\overline{OP} = m\overline{CD}$

اس لیے $m\overline{OQ} = m\overline{CD} - m\overline{AB}$ چنانچہ $\overline{OQ}$ مطلوبہ قطعہ خط ہے۔

مشق نمبر 10.2

1. نیچے دیے گئے قطعات خط پر پرکار کی مدد سے عمودی ناصف کھینچیں۔

(i)

A ———— B
7.6cm

حل: (i) ایک قطعہ خط 7.6 سم لمبا کھینچیں۔

(ii) نقطہ A کو مرکز مان کر دو قوسیں قطعہ خط $\overline{AB}$ کی لمبائی کے آدھے سے زیادہ کے رداس کی دوری پر قطعہ خط $\overline{AB}$ کے دونوں طرف لگائیں۔

(iii) نقطہ B کو مرکز مان کر (ii) والا عمل دہرائیں۔ یہ قوسیں پہلی والی قوسوں کو کسی دو نقاط P اور Q پر قطع کریں گی۔

(iv) P اور Q کو ایک لائن کے ذریعے ملا دیں۔



نتائج: (i) قطعہ خط $\overline{OA}$ اور $\overline{OB}$ کی لمبائی یکساں ہے۔

$\overline{OA} = \overline{OB}$

(ii) لائن PQ قطعہ خط $\overline{OA}$ پر عمود ہے کیونکہ

$\therefore \overline{PQ} \perp \overline{AB}$

$\angle AOP = \angle BOQ = 90^\circ$

(ii)

X ———— Y
6.4cm

حل: (i) ایک قطعہ خط $\overline{XY}$ 6.4 سم لمبا کھینچیں۔

(ii) نقطہ X کو مرکز مان کر دو قوسیں قطعہ خط $\overline{XY}$ کی لمبائی کے آدھے سے زیادہ کے رداس کی دوری پر قطعہ خط $\overline{XY}$ کے دونوں اطراف پر لگائیں۔

(iii) اب نقطہ Y کو مرکز مان کر (ii) والا عمل دہرائیں۔ یہ قوسیں پہلی والی قوسوں کو کسی دو نقاط P اور Q پر قطع کریں گی۔

(iv) نقاط P اور Q کو ایک لائن کے ذریعے ملائیں۔



نتائج (i) قطعہ خط $\overline{OX}$ اور قطعہ خط $\overline{OY}$ کی لمبائی یکساں ہے۔

$\overline{OX} = \overline{OY}$

(ii) خط PQ قطعہ خط $\overline{XY}$ پر عمود ہے کیونکہ

$\therefore \overline{PQ} \perp \overline{XY}$ $\angle XOP = \angle YOP = 90^\circ$

(iii)

P ———— Q
9.8cm

حل: (i) ایک قطعہ خط $\overline{PQ}$ 9.8 سم لمبا کھینچیں۔

(ii) نقطہ P کو مرکز مان کر دو قوسیں قطعہ خط $\overline{PQ}$ کی لمبائی کے آدھے سے زیادہ کے رداس کی دوری پر قطعہ خط $\overline{PQ}$ کے دونوں اطراف لگائیں۔

(iii) تب نقطہ Q کو مرکز مان کر (ii) والا عمل دہرائیں۔ یہ پہلی قوسوں کو کسی دو نقاط R اور S پر قطع کریں گی۔ (iv) نقاط R اور S کو ملائیں۔

نتائج: (i) قطعہ خط $\overline{QP}$ اور $\overline{OQ}$ کی لمبائی یکساں ہے۔

$\therefore \overline{OP} = \overline{OQ}$

(ii) خط RS قطعہ خط $\overline{PQ}$ پر عمود ہے کیونکہ

$\overline{RS} \perp \overline{PQ}$ $\angle POR = \angle QOR = 90^\circ$



(iv)

L ———— M
8.2cm

حل: (i) ایک قطعہ خط $\overline{LM}$ 8.2 سم لمبا کھینچیں۔

(ii) نقطہ L کو مرکز مان کر دو قوسیں قطعہ خط $\overline{LM}$ کی لمبائی کے آدھے سے زیادہ کے رداس کی دوری پر قطعہ خط $\overline{LM}$ کے دونوں اطراف لگائیں۔

(iii) اب نقطہ M کو مرکز مان کر (ii) والا عمل دہرائیں۔ یہ قوسیں پہلی والی قوسوں کو کسی دو نقاط P اور Q پر قطع کریں گی۔

(iv) نقاط P اور Q کو ایک خط کے ذریعے ملائیں۔



نتائج: (i) قطعہ خط $\overline{OL}$ اور قطعہ خط $\overline{OM}$ کی لمبائی یکساں ہے۔

$\overline{OM} = \overline{OL}$

downloaded from https://infohubrmssisd.com/

Scanned with CamScanner

(ii) خط PQ قطعہ خط $\overline{LM}$ پر عمود ہے کیونکہ

$\angle LOP = \angle MOP = 90^\circ$ $\therefore \overline{PQ} \perp \overline{LM}$

2. قطعہ خط AB پر موجود نقطہ O سے عمود کھینچیں۔

(i)

حل: مدارج عمل:

(i) نقطہ O کو مرکز مان کر ایک مناسب رداس کی قوس کھینچیں جو خط AB کو کسی دو نقاط بالترتیب C اور D پر قطع کرے۔ چنانچہ $m\overline{OC} = m\overline{OD}$

(ii) اب نقطہ C کو مرکز مان کر خط $\overline{OC}$ کی لمبائی سے زیادہ رداس کی قوس لگائیں۔



(iii) اب نقطہ D کو مرکز مان کر (ii) والا عمل دہرائیں۔

(iv) نقاط L اور O کو ملائیں۔ ایک خط کھینچیں جو دیے گئے خط کو ایک عمود دے گا۔ خطوط $\overleftrightarrow{LM}$ مطلوبہ عمود ہے۔

(ii)



حل: (i) نقطہ O کو مرکز مان کر ایک مناسب رداس کی قوس لگائیں۔ جو خط AB کو بالترتیب نقطہ C اور D پر قطع کرے۔ چنانچہ $m\overline{OC} = m\overline{OD}$

(ii) نقطہ C کو مرکز مان کر $\overline{OC}$ سے زیادہ لمبائی کے رداس کی ایک قوس لگائیں۔



(iii) اب نقطہ D کو مرکز مان کر (ii) والا عمل دہرائیں۔

(iv) نقطہ L اور نقطہ O کو ملائیں۔ خط $\overline{OL}$ کو نقطہ M تک بڑھائیں۔ پس خط $\overleftrightarrow{LM}$ مطلوبہ عمود ہے۔

(iii)



حل: (i) نقطہ O کو مرکز مان کر مناسب رداس کی ایک قوس کھینچیں جو خط $\overline{AB}$ کو کسی دو نقاط بالترتیب C اور D پر قطع کرے یعنی $m\overline{OC} = m\overline{OD}$



(ii) نقطہ C کو مرکز مان کر ایک قوس قطعہ خط $\overline{OC}$ سے زیادہ لمبائی کے رداس کی رداس کی قوس کھینچیں۔

(iii) اب نقطہ D کو مرکز مان کر (ii) والا عمل دہرائیں۔

(iv) نقطہ L اور O کو ملائیں۔ خط $\overline{OL}$ کو نقطہ M تک بڑھائیں۔

پس خط $\overleftrightarrow{LM}$ مطلوبہ عمود ہے۔

(iv)



حل: مدارج عمل:

(i) نقطہ O کو مرکز مان کر مناسب رداس کی ایک قوس کھینچیں جو خط AB کو کسی دو نقاط بالترتیب C اور D پر قطع کریں یعنی $m\overline{OC} = m\overline{OD}$



(ii) نقطہ C کو مرکز مان کر $\overline{OC}$ سے زیادہ لمبائی کے رداس کی ایک قوس کھینچیں۔ (iii) اب نقطہ D کو مرکز مان کر عمل (ii) دہرائیں

9iv) نقطہ L اور O کو ملائیں۔ خط $\overline{OL}$ کو نقطہ M تک بڑھائیں۔ پس خط $\overleftrightarrow{LM}$ مطلوبہ عمود ہے۔

3. قطعہ خط LM پر نقطہ P سے عمود کھینچیں۔

(i)



حل:



(i) نقطہ P کو مرکز مان کر مناسب رداس کی ایک قوس کھینچیں جو خط $\overleftrightarrow{LM}$ کو دو نقاط X اور Y پر بالترتیب قطع کرے۔ (ii) نقطہ X کو مرکز مان کر مناسب رداس کی ایک قوس کھینچیں جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔

(iii) نقطہ Y کو مرکز مان کر (ii) والا عمل دہرائیں۔ یہ قوس پہلی والی قوس کو نقطہ Q پر قطع کرے گی۔

(iv) نقاط P اور Q کو ملائیں۔ پس خط $\overline{PQ}$ مطلوبہ عمود ہے۔

(ii)



downloaded from https://infohubhrmssed.com/

Scanned with CamScanner

حل: (i) نقطہ P کو مرکز مان کر مناسب رداس کی ایک قوس کھینچیں جو خط LM کو دو نقاط X اور Y پر بالترتیب قطع کرے۔



(ii) نقطہ X کو مرکز مان کر مناسب رداس کی ایک قوس کھینچیں جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ (iii) نقطہ Y کو مرکز مان کر (ii) والا عمل دہرائیں۔ یہ قوس پہلی والی قوس کو نقطہ Q پر قطع کرے گی۔

(iv) نقاط P اور Q کو ملائیں۔ پس خط $\overline{PQ}$ مطلوبہ عمود ہے۔

(iii)



حل:



(i) نقطہ P کو مرکز مان کر مناسب رداس کی ایک قوس کھینچیں جو خط LM کو دو نقاط X اور Y پر بالترتیب قطع کرے۔ (ii) نقطہ X کو مرکز مان کر مناسب رداس کی ایک قوس کھینچیں جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ (iii) نقطہ Y کو مرکز مان کر (ii) والا عمل دہرائیں۔ یہ قوس پہلی والی قوس کو نقطہ Q پر قطع کرے گی۔ (iv) نقاط P اور Q کو ملائیں۔ پس خط $\overline{PQ}$ مطلوبہ عمود ہے۔

(iv)



حل:



(i) نقطہ P کو مرکز مان کر مناسب رداس کی ایک قوس کھینچیں جو خط LM کو دو نقاط X اور Y پر بالترتیب قطع کرے۔ (ii) نقطہ X کو مرکز مان کر مناسب رداس کی ایک قوس کھینچیں جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ (iii) نقطہ Y کو مرکز مان کر (ii) والا عمل دہرائیں۔ یہ قوس پہلی والی قوس کو نقطہ Q پر قطع کرے گی۔

(iv) نقاط P اور Q کو ملائیں۔ پس خط $\overline{PQ}$ مطلوبہ عمود ہے۔

مشق نمبر 10.3

1. پرکار کی مدد سے دی گئی پیمائشوں کے مطابق متماثل زاویے بنائیے۔

(i) 35°

حل: (i) ایک زاویہ $\angle ABC$ ، 35° کا بنایا جیسا کہ سامنے والی شکل میں دکھایا گیا ہے۔



(ii) نقطہ B کو مرکز مان کر ایک قوس لگائی جو شعاع BA کو نقطہ P پر اور BC کو نقطہ Q پر قطع کرتی ہے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔

(iii) متماثل زاویہ بنانے کے لیے، سب سے پہلے شعاع YX کھینچیں۔



(iv) اب نقطہ Y کو مرکز مان کر اسی رداس کی ایک قوس لگائی جیسے اُوپر لگائی تھی جو شعاع YX کو کسی نقطہ L پر قطع کرتی ہے۔

(v) نقطہ L کو مرکز مان کر PQ رداس کی ایک قوس لگائی جو پچھلی قوس کو نقطہ M پر قطع کرتی ہے۔ (vi) نقطہ M سے گزرتی ہوئی شعاع YZ کھینچی۔

$\angle XYZ$ مطلوبہ متماثل زاویہ ہے۔

(ii) 92°

حل: ایک زاویہ $\angle ABC$ ، 92° کا بنایا جیسا کہ سامنے والی شکل میں دکھایا گیا ہے۔



(ii) نقطہ B کو مرکز مان کر ایک قوس لگائی جو شعاع BA کو نقطہ P پر قطع کرتی ہے اور BC کو نقطہ Q پر قطع کرتی ہے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔

(iii) متماثل زاویہ بنانے کے لیے پہلے شعاع YX کھینچی۔

(iv) اب نقطہ Y کو مرکز مان کر اسی رداس کی ایک قوس لگائی جیسے اُوپر لگائی تھی جو شعاع YX کو کسی نقطہ L پر قطع کرتی ہے۔

(v) نقطہ L کو مرکز مان کر PQ رداس کی ایک قوس لگائی۔ جو پچھلی قوس کو نقطہ M پر قطع کرتی ہے۔ (vi) نقطہ M سے گزرتی ہوئی شعاع YX کھینچی۔

$\angle XYZ$ مطلوبہ متماثل زاویہ ہے۔

Scanned with CamScanner



(III) 67°

حل: (i) ایک زاویہ ABC∠ ، 67° کا بنایا جیسا کہ سامنے والی شکل میں دکھایا گیا ہے۔



(ii) نقطہ B کو مرکز مان کر ایک قوس لگائی جو شعاع $\overrightarrow{BA}$ کو نقطہ P پر اور $\overrightarrow{BC}$ کو نقطہ Q پر قطع کرتی ہے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔

(iii) متماثل زاویہ بنانے کے لیے پہلے شعاع $\overrightarrow{YX}$ کھینچی۔

(iv) اب نقطہ Y کو مرکز مان کر اسی رداس کی ایک قوس لگائی جیسے اُوپر لگائی تھی جو شعاع $\overrightarrow{YX}$ کو کسی نقطہ L پر قطع کرتی ہے۔



(v) نقطہ L کو مرکز مان کر PQ رداس کی ایک قوس لگائی۔ جو پچھلی قوس کو نقطہ M پر قطع کرتی ہے۔ (vi) نقطہ M سے گزرتی ہوئی شعاع YX کھینچی۔ XYZ∠ مطلوبہ متماثل زاویہ ہے۔

(iv) 56°

حل: (i) ایک زاویہ ABC∠ ، 56° کا بنایا جیسا کہ سامنے والی شکل میں دکھایا گیا ہے۔



(ii) نقطہ B کو مرکز مان کر ایک قوس لگائی جو شعاع $\overrightarrow{BA}$ کو نقطہ P پر اور $\overrightarrow{BC}$ کو نقطہ Q پر قطع کرتی ہے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔

(iii) متماثل زاویہ بنانے کے لیے پہلے شعاع $\overrightarrow{YX}$ کھینچی۔

(iv) اب نقطہ Y کو مرکز مان کر اسی رداس کی ایک قوس لگائی جیسے اُوپر لگائی تھی جو شعاع $\overrightarrow{YX}$ کو کسی نقطہ L پر قطع کرتی ہے۔

(v) نقطہ L کو مرکز مان کر PQ رداس کی ایک قوس لگائی۔ جو پچھلی قوس کو نقطہ M پر قطع کرتی ہے۔



(vi) نقطہ M سے گزرتی ہوئی شعاع $\overrightarrow{YZ}$ کھینچی۔ XYZ∠ مطلوبہ متماثل زاویہ ہے۔

(v) 118°

حل: ایک زاویہ ABC∠ ، 118° کا بنایا جیسا کہ سامنے والی شکل میں دکھایا گیا ہے۔



(ii) نقطہ B کو مرکز مان کر ایک قوس لگائی جو شعاع $\overrightarrow{BA}$ کو نقطہ P پر قطع کرتی ہے اور BC کو نقطہ Q پر قطع کرتی ہے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔

(iii) متماثل زاویہ بنانے کے لیے پہلے شعاع $\overrightarrow{YX}$ کھینچی۔

(iv) اب نقطہ Y کو مرکز مان کر اسی رداس کی ایک قوس لگائی جیسے اُوپر لگائی تھی جو شعاع $\overrightarrow{YX}$ کو کسی نقطہ L پر قطع کرتی ہے۔



(v) نقطہ L کو مرکز مان کر PQ رداس کی ایک قوس لگائی جو پچھلی قوس کو نقطہ M پر قطع کرتی ہے۔

(vi) نقطہ M سے گزرتی ہوئی شعاع $\overrightarrow{XZ}$ کھینچی۔ XYZ∠ مطلوبہ متماثل زاویہ ہے۔

2. پرکار کی مدد سے دیے گئے زاویوں سے دوگنا پیمائش کے زاویے بنائیے۔

(i) 40°

حل: (i) ایک زاویہ BAC∠ ، 40° کا بنایا جیسا کہ سامنے والی شکل میں دکھایا گیا ہے۔



(ii) نقطہ A کو مرکز مان کر ایک قوس لگائی جو شعاع $\overrightarrow{AB}$ کو نقطہ L پر اور $\overrightarrow{AC}$ کو نقطہ M پر قطع کرتی ہے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔

(iii) شعاع $\overrightarrow{YX}$ کھینچی۔

(iv) Y کو مرکز مان اسی رداس کی ایک قوس لگائی جیسے اوپر لگائی تھی جو شعاع

downloaded from https://informssissel.com/

Scanned with CamScanner

$\overline{YX}$ کو کسی نقطہ P پر قطع کرتی ہے۔



(v) نقطہ P کو مرکز مان کر LM رداس کی ایک قوس لگائی جو پچھلی قوس کو نقطہ Q پر قطع کرتی ہے۔ (vi) نقطہ Q کو مرکز مان کر ایک اور قوس لگائی جو پہلی قوس کو دوبارہ نقطہ R پر قطع کرتی ہے۔ (vii) نقطہ R سے گزرتی ہوئی شعاع $\overline{YZ}$ کھینچی $\angle XYZ$ مطلوبہ زاویہ ہے۔

(ii) 75°

حل: (i) ایک زاویہ $\angle BAC$ ، 75° کا بنایا جیسا کہ سامنے والی شکل میں دکھایا گیا ہے۔



(ii) نقطہ A کو مرکز مان کر ایک قوس لگائی جو شعاع $\overline{AB}$ کو نقطہ L پر اور $\overline{AB}$ کو نقطہ M پر قطع کرتی ہے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔

(iii) شعاع $\overline{YX}$ کھینچی۔

(iv) اب نقطہ Y کو مرکز مان کر اسی رداس کی ایک قوس لگائی جیسے اوپر لگائی تھی جو شعاع $\overline{YX}$ کو کسی نقطہ P پر قطع کرتی ہے۔

(v) نقطہ P کو مرکز مان کر LM رداس کی ایک قوس لگائی جو پچھلی قوس کو نقطہ Q پر قطع کرتی ہے۔



(vi) اب نقطہ Q کو مرکز مان کر ایک اور قوس لگائی جو پہلی قوس کو دوبارہ نقطہ R پر قطعہ کرتی ہے۔ (vii) نقطہ R سے گزرتی ہوئی شعاع $\overline{YZ}$ کھینچی۔ $\angle XYZ$ مطلوبہ زاویہ ہے۔

(iii) 105°

حل: (i) ایک زاویہ $\angle BAC$ ، 105° کا بنایا جیسا کہ سامنے والی شکل میں دکھایا گیا ہے۔



(ii) نقطہ A کو مرکز مان کر ایک قوس لگائی جو شعاع $\overline{AB}$ کو نقطہ L پر اور $\overline{AC}$ کو نقطہ M پر قطع کرتی ہے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔

(iii) شعاع $\overline{YX}$ کھینچی۔

(iv) اب نقطہ Y کو مرکز مان کر اسی رداس کی ایک قوس لگائی جیسے اوپر لگائی تھی جو شعاع $\overline{YX}$ کو کسی نقطہ P پر قطع کرتی ہے

(v) نقطہ P کو مرکز مان کر LM رداس کی ایک قوس لگائی جو پچھلی قوس کو نقطہ Q پر قطع کرتی ہے۔ (vi) اب نقطہ Q کو مرکز مان کر ایک اور قوس لگائی جو پہلی قوس کو دوبارہ نقطہ R پر قطعہ کرتی ہے۔ (vii) نقطہ R سے گزرتی ہوئی شعاع $\overline{YZ}$ کھینچی۔ $\angle XYZ$ مطلوبہ زاویہ ہے۔



(iv) 89°

حل: (i) ایک زاویہ $\angle BAC$ ، 89° کا بنایا جیسا کہ سامنے والی شکل میں دکھایا گیا ہے۔



(ii) نقطہ A کو مرکز مان کر ایک قوس لگائی جو شعاع $\overline{AB}$ کو نقطہ L پر اور $\overline{AC}$ کو نقطہ M پر قطع کرتی ہے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔

(iii) شعاع $\overline{YX}$ کھینچی۔

(iv) اب نقطہ Y کو مرکز مان کر اسی رداس کی ایک قوس لگائی جیسے اوپر لگائی تھی جو شعاع $\overline{YX}$ کو کسی نقطہ P پر قطع کرتی ہے

(v) نقطہ P کو مرکز مان کر LM رداس کی ایک قوس لگائی جو پچھلی قوس کو نقطہ Q پر قطع کرتی ہے۔ (vi) اب نقطہ Q کو مرکز مان کر ایک اور قوس لگائی جو پہلی قوس کو دوبارہ نقطہ R پر قطعہ کرتی ہے۔ (vii) نقطہ R سے گزرتی ہوئی شعاع $\overline{YZ}$ کھینچی۔ $\angle XYZ$ مطلوبہ زاویہ ہے۔



(v) 132°

حل: (i) ایک زاویہ $\angle BAC$ ، 132° کا بنایا جیسا کہ سامنے والی شکل میں دکھایا گیا ہے۔

Scanned with CamScanner



(ii) نقطہ A کو مرکز مان کر ایک قوس لگائی جو شعاع $\overrightarrow{AB}$ کو نقطہ L پر اور $\overrightarrow{AC}$ کو نقطہ M پر قطع کرتی ہے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔

(iii) شعاع $\overrightarrow{YX}$ کھینچی۔

(iv) اب نقطہ Y کو مرکز مان کر اسی رداس کی ایک قوس لگائی جیسے اوپر لگائی تھی جو شعاع $\overrightarrow{YX}$ کو کسی نقطہ P پر قطع کرتی ہے

(v) نقطہ P کو مرکز مان کر LM رداس کی ایک قوس لگائی جو پچھلی قوس کو نقطہ Q پر قطع کرتی ہے۔



(vi) اب نقطہ Q کو مرکز مان کر ایک اور قوس لگائی جو پہلی قوس کو دوبارہ نقطہ R پر قطع کرتی ہے۔ (vii) نقطہ R سے گزرتی ہوئی شعاع $\overrightarrow{YZ}$ کھینچی۔

$\angle XYZ$ مطلوبہ زاویہ ہے۔

3. پروٹریکٹر کی مدد سے دیے گئے زاویوں کو بنائیے اور پرکار کی مدد سے تنصیف کیجیے۔

(i) 45°

حل: (i) ایک زاویہ $\angle AOB$، 45° کا بنایا۔

(ii) نقطہ O سے ایک قوس لگائی۔ یہ قوس شعاع OA کو کسی نقطہ C پر اور شعاع OB کو کسی نقطہ D پر قطع کرتی ہے۔ (iii) نقاط C اور D کو مرکز مان کر ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں۔ یہ قوسیں ایک دوسرے کو کسی نقطہ M پر قطع کرتی ہیں۔



(vi) نقطہ O کو شعاع $\overrightarrow{OM}$ کے ذریعے نقطہ M سے ملایا۔ شعاع $\overrightarrow{OM}$ زاویہ $\angle AOB$ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتی ہے۔

$$m\angle AOM = m\angle BOM = \frac{45^\circ}{2} = 22.5^\circ$$

(ii) 120°

حل: (i) ایک زاویہ $\angle AOB$، 120° کا بنایا۔

(ii) نقطہ O سے ایک قوس لگائی۔ یہ قوس شعاع OA کو کسی نقطہ C پر اور شعاع OB کو کسی نقطہ D پر قطع کرتی ہے۔ (iii) نقاط C اور D کو مرکز مان کر ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں۔ یہ قوسیں ایک دوسرے کو کسی نقطہ M پر قطع کرتی ہیں۔



(vi) نقطہ O کو شعاع $\overrightarrow{OM}$ کے ذریعے نقطہ M سے ملایا۔ شعاع $\overrightarrow{OM}$ زاویہ $\angle AOB$ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتی ہے۔

$$m\angle AOM = m\angle BOM = \frac{120^\circ}{2} = 60^\circ$$

(iii) 98°

حل: (i) ایک زاویہ $\angle AOB$، 98° کا بنایا۔

(ii) نقطہ O سے ایک قوس لگائی۔ یہ قوس شعاع OA کو کسی نقطہ C پر اور شعاع OB کو کسی نقطہ D پر قطع کرتی ہے۔ (iii) نقاط C اور D کو مرکز مان کر ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں۔ یہ قوسیں ایک دوسرے کو کسی نقطہ M پر قطع کرتی ہیں۔

(vi) نقطہ O کو شعاع $\overrightarrow{OM}$ کے ذریعے نقطہ M سے ملایا۔ شعاع $\overrightarrow{OM}$ زاویہ $\angle AOB$ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتی ہے۔

$$m\angle AOM = m\angle BOM = \frac{98^\circ}{2} = 49^\circ$$



(iv) 76°

حل: (i) ایک زاویہ $\angle AOB$، 76° کا بنایا۔

(ii) نقطہ O سے ایک قوس لگائی۔ یہ قوس شعاع OA کو کسی نقطہ C پر اور شعاع OB کو کسی نقطہ D پر قطع کرتی ہے۔ (iii) نقاط C اور D کو مرکز مان کر ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں۔ یہ قوسیں ایک دوسرے کو کسی نقطہ M پر قطع کرتی ہیں۔



(vi) نقطہ O کو شعاع $\overrightarrow{OM}$ کے ذریعے نقطہ M سے ملایا۔ شعاع $\overrightarrow{OM}$ زاویہ $\angle AOB$ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتی ہے۔

$$m\angle AOM = m\angle BOM = \frac{76^\circ}{2} = 38^\circ$$

download from https://infohubhrmsised.com/
Scanned with CamScanner

(v) 109°

حل: (i) ایک زاویہ AOB∠ ، 109° کا بنایا۔

(ii) نقطہ O سے ایک قوس لگائی۔ یہ قوس شعاع $\overline{OA}$ کو کسی نقطہ C پر اور شعاع $\overline{OB}$ کو کسی نقطہ D پر قطع کرتی ہے۔ (iii) نقاط C اور D کو مرکز مان کر ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں۔ یہ قوسیں ایک دوسرے کو کسی نقطہ M پر قطع کرتی ہیں۔

(vi) نقطہ O کو شعاع $\overline{OM}$ کے ذریعے نقطہ M سے ملایا۔ شعاع $\overline{OM}$ زاویہ AOB∠ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتی ہے۔

$$m\angle AOM = m\angle BOM = \frac{109^\circ}{2} = 54.5^\circ$$



4. پروٹریکٹر کی مدد سے نیچے دیے گئے زاویے بنائیے اور چار برابر زاویوں میں تقسیم کیجیے۔

(i) 60°

حل: مدارج عمل: (i) ایک زاویہ AOB∠ ، 60° کا بنایا۔

(ii) نقطہ O سے ایک قوس لگائی۔ یہ قوس شعاع $\overline{OA}$ کو کسی نقطہ C پر اور شعاع $\overline{OB}$ کو کسی نقطہ D پر قطع کرتی ہے۔

(iii) نقاط C اور D کو مرکز مان کر ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں۔ یہ قوسیں ایک دوسرے کو کسی نقطہ M پر قطع کرتی ہیں۔

(iv) نقطہ O کو شعاع $\overline{OM}$ کے ذریعے نقطہ M سے ملایا۔

(v) نقاط P اور C سے مناسب رداسوں کی دو قوسیں لگائیں جو ایک دوسرے کو کسی نقطہ L پر قطع کرتی ہیں۔ (vi) نقاط P اور D سے دوبارہ ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں جو ایک دوسرے کو کسی نقطہ N پر قطع کرتی ہیں۔

شعاعیں $\overline{OM}$ ، $\overline{OL}$ اور $\overline{ON}$ زاویہ AOB∠ کو چار برابر حصوں میں قطع کرتی ہیں۔

$$m\angle AOL = m\angle LOM = m\angle MON = m\angle NOB$$

$$= \frac{60^\circ}{4} = 15^\circ$$



(ii) 90°

حل: مدارج عمل: (i) ایک زاویہ AOB∠ ، 90° کا بنایا۔

(ii) نقطہ O سے ایک قوس لگائی۔ یہ قوس شعاع $\overline{OA}$ کو کسی نقطہ C پر اور شعاع $\overline{OB}$ کو کسی نقطہ D پر قطع کرتی ہے۔

(iii) نقاط C اور D کو مرکز مان کر ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں۔ یہ قوسیں ایک دوسرے کو کسی نقطہ M پر قطع کرتی ہیں۔

(iv) نقطہ O کو شعاع $\overline{OM}$ کے ذریعے نقطہ M سے ملایا۔

(v) نقاط P اور C سے مناسب رداسوں کی دو قوسیں لگائیں جو ایک دوسرے کو کسی نقطہ L پر قطع کرتی ہیں۔ (vi) نقاط P اور D سے دوبارہ ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں جو ایک دوسرے کو کسی نقطہ N پر قطع کرتی ہیں۔

شعاعیں $\overline{OM}$ ، $\overline{OL}$ اور $\overline{ON}$ زاویہ AOB∠ کو چار برابر حصوں میں قطع کرتی ہیں۔

$$m\angle AOL = m\angle LOM = m\angle MON = m\angle NOB$$

$$= \frac{90^\circ}{4} = 22.5^\circ$$



(iii) 180°

حل: مدارج عمل: (i) ایک زاویہ AOB∠ ، 180° کا بنایا۔

(ii) نقطہ O سے ایک قوس لگائی۔ یہ قوس شعاع $\overline{OA}$ کو کسی نقطہ C پر اور شعاع $\overline{OB}$ کو کسی نقطہ D پر قطع کرتی ہے۔

(iii) نقاط C اور D کو مرکز مان کر ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں۔ یہ قوسیں ایک دوسرے کو کسی نقطہ M پر قطع کرتی ہیں۔

(iv) نقطہ O کو شعاع $\overline{OM}$ کے ذریعے نقطہ M سے ملایا۔

(v) نقاط P اور C سے مناسب رداسوں کی دو قوسیں لگائیں جو ایک دوسرے کو کسی نقطہ L پر قطع کرتی ہیں۔ (vi) نقاط P اور D سے دوبارہ ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں جو ایک دوسرے کو کسی نقطہ N پر قطع کرتی ہیں۔

شعاعیں $\overline{OM}$ ، $\overline{OL}$ اور $\overline{ON}$ زاویہ AOB∠ کو چار برابر حصوں میں قطع کرتی ہیں۔

$$m\angle AOL = m\angle LOM = m\angle MON = m\angle NOB$$

$$= \frac{90^\circ}{4} = 22.5^\circ$$



Scanned with CamScanner

(iv) 88°

حل: مدارجِ عمل: (i) ایک زاویہ $\angle AOB$، 88° کا بنایا۔

(ii) نقطہ O سے ایک قوس لگائی۔ یہ قوس شعاع $\overline{OA}$ کو کسی نقطہ C پر اور شعاع $\overline{OB}$ کو کسی نقطہ D پر قطع کرتی ہے۔

(iii) نقاط C اور D کو مرکز مان کر ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں۔ یہ قوسیں ایک دوسرے کو کسی نقطہ M پر قطع کرتی ہیں۔

(iv) نقطہ O کو شعاع $\overline{OM}$ کے ذریعے نقطہ M سے ملایا۔

(v) نقاط P اور C سے مناسب رداسوں کی دو قوسیں لگائیں جو ایک دوسرے کو کسی نقطہ L پر قطع کرتی ہیں۔ (vi) نقاط P اور D سے دوبارہ ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں جو ایک دوسرے کو کسی نقطہ N پر قطع کرتی ہیں۔

شعاعیں $\overline{OM}$، $\overline{OL}$ اور $\overline{ON}$ زاویہ $\angle AOB$ کو چار برابر حصوں میں قطع کرتی ہیں۔

$$m\angle AOL = m\angle LOM = m\angle MON = m\angle NOB$$

$$= \frac{88^\circ}{4} = 22^\circ$$



(v) 140°

حل: مدارجِ عمل: (i) ایک زاویہ $\angle AOB$، 140° کا بنایا۔

(ii) نقطہ O سے ایک قوس لگائی۔ یہ قوس شعاع $\overline{OA}$ کو کسی نقطہ C پر اور شعاع $\overline{OB}$ کو کسی نقطہ D پر قطع کرتی ہے۔

(iii) نقاط C اور D کو مرکز مان کر ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں۔ یہ قوسیں ایک دوسرے کو کسی نقطہ M پر قطع کرتی ہیں۔

(iv) نقطہ O کو شعاع $\overline{OM}$ کے ذریعے نقطہ M سے ملایا۔

(v) نقاط P اور C سے مناسب رداسوں کی دو قوسیں لگائیں جو ایک دوسرے کو کسی نقطہ L پر قطع کرتی ہیں۔



(vi) نقاط P اور D سے دوبارہ ایک جیسے رداسوں کی دو قوسیں لگائیں جو ایک دوسرے کو کسی نقطہ N پر قطع کرتی ہیں۔

